

# سفارشات برائے کاشتکاران

15 تا 31 مارچ 2022ء

ملک محمد اکرم، ناظم اعلیٰ زراعت (اصلاح آبپاشی) پنجاب

- مکئی کی فصل کے پورے اور بہتر اگاؤ کے لیے پٹڑیوں پر کاشت کی گئی مکئی کو اگاؤ تک وتر حالت میں رکھیں۔ مکئی کو عموماً 10 تا 12 مرتبہ پانی دینے کی ضرورت ہوتی ہے لیکن دوسری طرف یہ فصل پانی کی زیادتی بھی برداشت نہیں کر سکتی۔ لہٰذا بارش کے بعد فالتو پانی فوراً کھیت سے نکال دینا چاہیے۔
- دھان، کپاس، مکئی اور کماد کی فصلات کے بعد کاشتہ گندم کی فصل کو تیسرا پانی دانے کی دودھیا حالت (بوائی کے 125 تا 130 دن بعد) میں لگائیں۔ اگیتی کاشت کی صورت میں تیسرا پانی 110 تا 115 دن بعد لگائیں۔
- گنے کی مناسب پیداوار لینے کے لیے پانی کی کمی بھی ایک بڑا مسئلہ ہے۔ اس لیے گنے کا زیر کاشت رقبہ بڑھانے سے پہلے پانی کے موجودہ وسائل کا بخوبی اندازہ لگالینا چاہیے اور اتنا ہی رقبہ کاشت کیا جائے جس کی بروقت آبپاشی کے لیے پانی دستیاب ہو۔ بہاریہ کماد کی بوائی کے بعد ہلکا پانی اس طرح لگائیں کہ کھیلیوں کا 3/1 حصہ سیراب ہو۔ اس سے جڑی بوٹیوں کا اگاؤ کم ہوتا ہے۔ پانی کا کماد کی فصل میں زیادہ دیر تک کھڑے رہنے کی وجہ سے اس کا اگاؤ متاثر ہونے کا خدشہ ہوتا ہے۔
- ڈرپ نظام آبپاشی کے ذریعے کاشتہ آلو کی فصل کی برداشت کے بعد بہاریہ مکئی کی کاشت بذریعہ ڈرپ آبپاشی کریں اور بوائی سے قبل زمین کو لیزر لینڈ لیولر سے ہموار کریں۔
- ٹیوب روز کے بلب لگانے کے فوراً بعد پانی لگاتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ پانی کھیلیوں پر نہ چڑھے۔ اگاؤ کے بعد دو مہینوں تک ایک ہفتے کے وقفے سے پانی دیں۔ درجہ حرارت بڑھنے کے باعث اس وقفے میں کمی کی جاسکتی ہے۔
- ڈرپ نظام آبپاشی کی مدد سے ٹنل میں لگائی گئی سبزیوں کی آبپاشی اور پانی میں حل پذیر کھادوں کا استعمال بذریعہ فرٹیگیشن شعبہ اصلاح آبپاشی کی جانب سے مہیا کردہ جدول آبپاشی کے مطابق جاری رکھیں۔ یاد رہے کہ مائع کھادوں کا استعمال پودے کو سالٹ انجری (Salt Injury) سے بچاؤ کے لیے بھی انتہائی مددگار ہے۔
- سورج مکھی کی بہاریہ فصل کی پہلی آبپاشی روئیدگی کے 20 دن بعد اور دوسری آبپاشی پہلے پانی کے 20 دن بعد کریں۔ واضح رہے کہ فصل کی آبپاشی کا دارومدار موسمی حالات پر ہوتا ہے۔ زیادہ گرم اور خشک موسمی حالات میں فصل کو زیادہ پانی جبکہ سرد اور مرطوب موسمی حالات میں کم آبپاشی کی ضرورت ہوگی۔
- دنیا بھر میں آبی وسائل کی کمی کے باعث کم پانی سے زیادہ پیداوار حاصل کرنے کے لیے جدید نظام آبپاشی کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ لہٰذا کاشتکاروں سے درخواست ہے کہ جدید نظام آبپاشی کے ذریعے فصلات کی کاشت کر کے اپنے ملک کے قیمتی پانی کو ضائع ہونے سے بچائیں۔
- زمین میں نمی کی مقدار معلوم کرنے کے لیے مائسچر میٹر (Moisture Meter) کا استعمال کریں اور پانی کی مطلوبہ مقدار بروقت فراہم کریں۔



- کھیت کی سطح پر آبپاشی سے متعلق درپیش کسی بھی قسم کے مسئلے کے حل یا معلومات کے لیے محکمہ زراعت کے شعبہ اصلاح آبپاشی کے نمائندے سے رابطہ کریں۔